15/12/25
C.O
DD (PSPR)

15/12/25.

DIR (Prog)


THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

رجسٹرڈ سی پی ایل 140 فون 36367480-63

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

جلد 47

جمعۃ المبارک 20، جمادی الثانی 1447ھ 12، دسمبر 2025، 29، مگھر 2082ب

شمارہ 54

صفحات 10 قیمت 35 روپے


## CM پنجاب اسپیشل گیمز 2025 کا دوسرا روز، مختلف ایونٹس مقابلے جاری

لاہور (نیوز رپورٹر) سی ایم پنجاب اسپیشل گیمز 2025 کا دوسرا روز پنجاب اسٹیڈیم لاہور میں بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ جاری ہے۔ پنجاب کی پہلی اسپیشل گیمز میں خصوصی کھلاڑیوں کی صلاحیتوں نے شائقین سے خوب داد وصول کی، جبکہ مختلف ایونٹس میں ہونے والے مقابلوں نے اسٹیڈیم کا ماحول مزید پرجوش بنا دیا۔ پنجاب کے سرکاری و نجی اداروں، اسپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، نشیمن، پیرا اولمپکس اور دیگر تنظیموں سے تعلق رکھنے والے تقریباً 500 خصوصی کھلاڑی 9 مختلف کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں۔

چیف ایڈیٹر محسن نقوی

گروپ ایڈیٹر نوید چوہدری

ABC Certified

# DAILY 42

LAHORE

UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184

| | | |
|---|---|---|
| جلد نمبر: 14 | جمعۃ المبارک 12 دسمبر 2025ء، 20 جمادی الثانی 1447ھ، 29 مگھر 2082، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ: 73 |

25/12/25
C.O
DD CP/SPR)

15/12/25
DIR (Prj)

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس لاہور
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 25 شمارہ 283 | ہفتہ، 21 جمادی الثانی، 13 دسمبر 2025ء، 29 مگھر، صفحات 12 قیمت 40 روپے





سیکریٹری سوشل ویلفیئر پنجاب جاوید اختر محمود اور ڈی جی طارق قریشی سی ایم پنجاب سپیشل گیمز کی اختتامی تقریب میں شریک ہیں

# سی ایم پنجاب سپیشل گیمز شاندار انداز میں اختتام پذیر

## کھلاڑیوں میں نقد انعامات، تعریفی اسناد اور میڈلز تقسیم، ٹارچ بیئررز پریڈ، ثقافتی شو

## خصوصی کھلاڑی کسی سے کم نہیں، ان کی کارکردگی قابل تعریف ہے، جاوید اختر

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے) لاہور میں سی ایم پنجاب اسپیشل گیمز 2025ء شاندار انداز میں اختتام پذیر ہوگئیں۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ کی ہدایت پر منعقدہ اختتامی تقریب میں صوبائی سیکریٹری سوشل ویلفیئر پنجاب جاوید اختر محمود نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی بھی تقریب میں موجود تھے۔ پنجاب کی پہلی اسپیشل گیمز میں خصوصی کھلاڑیوں نے متاثر کن کارکردگی کا مظاہرہ کیا جس پر شائقین نے کھلاڑیوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ تین روزہ مقابلوں میں باسکٹ بال، وہیل چیئر ریس، بیڈمنٹن اور دیگر گیمز میں 500 کے قریب خصوصی کھلاڑیوں نے بھرپور حصہ لیا۔ تقریب میں تمام کیٹگریز کے جیتنے والے کھلاڑیوں کو کیش انعامات، تعریفی اسناد اور میڈلز سے نوازا گیا۔ نشیمن، سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور پیرا اولمپکس سمیت مختلف ٹیموں نے بہترین کارکردگی دکھاتے ہوئے داد وصول کی۔ اختتامی تقریب میں ٹارچ بیئررز پریڈ، ثقافتی شو اور ملی نغموں نے رنگ بھر دیے، جس نے گیمز کے اختتام کو یادگار بنا دیا۔ صوبائی سیکریٹری جاوید اختر محمود نے کہا کہ پنجاب میں پہلی بار منعقد ہونے والی اسپیشل گیمز نے خصوصی کھلاڑیوں کو خود اعتمادی اور حوصلہ دیا ہے۔ خصوصی کھلاڑی کسی سے کم نہیں، ان کی کارکردگی قابلِ تعریف ہے اور حکومت ان کی ٹریننگ سمیت مزید مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔

15/12/25
C.O
DD (P/SPR)

15/12/25
Dir (Prog)

★★★★★★★ لاہور۔ راولپنڈی/اسلام آباد۔کراچی۔ملتان اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونے والا موثر ترین قومی اخبار 35404061-65

چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمٰن شامی

روزنامہ پاکستان لاہور

THE DAILY PAKISTAN LAHORE

ایڈیٹر: عمر مجیب شامی

جلد 36 | ہفتہ 21 جمادی الثانی 1447ھ، 13 دسمبر 2025ء، 30 ملھر 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 273

# سپیشل گیمز میں شریک کھلاڑیوں کیلئے تفریحی پروگرام

## خصوصی کھلاڑیوں نے سائٹ سیئنگ بسوں پر لاہور کے تاریخی مقامات کی سیر کی

لاہور (نیوز رپورٹر، خبر نگار) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیرِ اہتمام جاری پنجاب سپیشل گیمز میں شریک خصوصی کھلاڑیوں کیلئے ایک خوبصورت اور یادگار تفریحی پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود کی خصوصی ہدایت پر پنجاب سٹیڈیم سے کھلاڑیوں کا تفریحی ٹور باقاعدہ روانہ ہوا۔ محکمہ سوشل ویلفیئر اور ٹوارزم ڈویلپمنٹ کارپوریشن پنجاب کے باہمی تعاون سے منعقدہ اس پروگرام میں چمن، نشیمن اور پیرااولمپکس ٹیموں کے 50 سے 60 خصوصی کھلاڑی سائٹ سیئنگ بسوں پر لاہور کے مختلف تاریخی اور اہم مقامات کی سیر کے لیے روانہ ہوئے۔ تفریحی ٹور کے دوران خصوصی کھلاڑی مال روڈ، جیلانی پارک، مینارِ پاکستان، شالا مار لنکس اور پنجاب اسمبلی سمیت لاہور کے متعدد نمایاں مقامات کا دورہ کیا۔ کھلاڑیوں نے لاہور کی خوبصورتی اور تاریخی عمارتوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ سیر کے آغاز پر خصوصی کھلاڑیوں کا جوش و خروش دیدنی تھا جبکہ راستے بھر شہریوں نے بھی ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ کئی مقامات پر شہریوں نے کھلاڑیوں کو ہاتھ ہلا کر خیر مقدم کیا۔

CS CamScanner


15/12/25
C.O
DD (A/SPR)


Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

| جلد | ہفتہ 21 جمادی الثانی 1447ھ 13 دسمبر 2025ء 30 مگھر 2082ب | صفحات 8 | قیمت 35 روپے | شمارہ |
|---|---|---|---|---|
| 15 | e-mail: nb@naibaat.com | www.naibaat.pk | | 66 |


صوبائی سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود اور ڈی جی طارق قریشی سی ایم پنجاب اسپیشل گیمز کی اختتامی تقریب میں شریک ہیں

15/12/25.
Dir (Prog)

چیف ایڈیٹر: محسن نقوی
گروپ ایڈیٹر: نوید چوہدری
ABC Certified
DAILY 42
LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
جلد نمبر: 14 | ہفتہ 13 دسمبر 2025ء، 21 جمادی الثانی 1447ھ، 30 مگھر 2082، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ: 74

15/12/25
C.O
DD(P&PR)

15/12/25
Dir (Prog)

# سپیشل گیمز میں حصہ لینے والے خصوصی کھلاڑیوں کی ڈبل ڈیکر بس پر سیر

## امید ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم آئندہ بھی ایسے مواقع فراہم کریں گی، بچوں کی گفتگو

مال روڈ (ثمرہ فاطمہ) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام پنجاب سپیشل گیمز میں حصہ لینے والے خصوصی کھلاڑیوں نے ڈبل ڈیکر بس پر لاہور کی سیر کی۔ محکمہ سوشل ویلفیئر نے ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن کے تعاون سے خصوصی کھلاڑیوں کے لیے انتظامات کیے۔ کھلاڑیوں نے ڈبل ڈیکر بس پر مال روڈ، جیل روڈ اور آزادی فلائی اوور سمیت مختلف مقامات کی سیر کی، سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود کی ہدایت پر سپیشل (باقی صفحہ 7 بقیہ 51)

**بقیہ 51 — ڈبل ڈیکر**

کھلاڑیوں کے تفریحی ٹور کا آغاز، چمن، نشیمن اور پیرا اولمپکس ٹیموں کے 50 سے زائد خصوصی کھلاڑیوں نے سائٹ سیئنگ بس پر لاہور کے مختلف مقامات کی سیر کی۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر کا کہنا تھا بچوں نے ڈبل ڈیکر بس پر سیر کی فرمائش کی تھی۔ مینیجنگ ڈائریکٹر ٹی ڈی سی پی اشفاق ڈوگر کا کہنا تھا کہ ٹور سپیشل بچوں کے لیے ہے۔ سی ایم کی ہدایت پر بچوں کے چہروں پر خوشیاں بکھیر رہے ہیں۔ سپیشل بچوں کا کہنا تھا ہم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے اپیل کرتے ہیں ہمیں آگے بھی ایسے موقع فراہم کیے جائیں۔

CamScanner

15/12/25
C.O
DD(P&PR)
15/12/25.
DIR(Proj)

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس لاہور
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 25 شمارہ 284 | اتوار، 22 جمادی الثانی، 14 دسمبر 2025ء، 30 مگھر، صفحات 14 قیمت 40 روپے



قصور: صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ، وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کا دھی رانی پروگرام کی تقریب میں نوبیاہتا جوڑوں کیساتھ گروپ فوٹو

# دھی رانی پروگرام: قصور میں 96 جوڑوں کی اجتماعی شادیاں

## صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے نوبیاہتا جوڑوں کو دو، دو لاکھ روپے سلامی دی

### پنجاب دھی رانی پروگرام وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ایک تاریخی اقدام، گفتگو

لاہور، قصور، سرائے مغل (اپنے سٹاف رپورٹر سے، ڈسٹرکٹ رپورٹر، نمائندہ ایکسپریس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈی پی ایس میں سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے زیر اہتمام دھی رانی پروگرام کی تقریب ہوئی جس میں صوبائی وزیر سماجی بہبود سہیل شوکت بٹ نے خصوصی شرکت کی۔ ارکان اسمبلی سعد وسیم شیخ، احسن رضا، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر، نعیم صفدر انصاری، حاجن صفیہ سعید و دیگر سمیت دولہا دلہن کے عزیز اقارب نے شرکت کی۔ تقریب میں سہیل شوکت بٹ کی سربراہی میں 96 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کا اہتمام کیا گیا جن میں ضلع قصور کے 85 مسلم اور 11 کرسچن نوبیاہتے جوڑے شامل تھے۔ سہیل شوکت بٹ و دیگر صوبائی وزراء نے نوبیاہتے جوڑوں کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے دھی رانی سلامی کارڈ کے ذریعے تمام نوبیاہتا جوڑوں کو دو دو لاکھ روپے سلامی پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب دھی رانی پروگرام وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ایک تاریخی اقدام ہے، مریم نواز شریف پنجاب کی بیٹیوں کے لیے شفیق ماں کا کردار ادا کر رہی ہیں۔ آخر میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو ڈھیروں دعائیں کی گئیں۔

روزنامہ
قائداعظم کے فرمان پر شروع ہونے والا پہلا اردو اخبار
DAILY
NAWA-I-WAQT
LAHORE
نوائے وقت
بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی
لاہور
لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان، کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

| شمارہ | رجسٹرڈ نمبر پی ایل | صفحات | | | جلد |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | اتوار، 22 جمادی الثانی 1447ھ 14 دسمبر 2025ء، یکم پوہ 2082 ب | | |
| 259 | 101 | 18 | قیمت 40 روپے | 04236302050 | 85 |


15/12/25
C.O
DDCP&PR)
15/12/25
Dir (Reg)

# قصور: ڈی پی ایس میں دھی رانی پروگرام کی تقریب

## نوبیاہتے جوڑوں کو دھی رانی سلامی کارڈ کے ذریعے 2 لاکھ روپے سلامی دی گئی

قصور (نامہ نگار + نمائندہ نوائے وقت) ڈی پی ایس میں سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے زیر اہتمام دھی رانی پروگرام کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے شرکت کی۔ ممبر قومی اسمبلی میاں سعد وسیم شیخ، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خاں، ممبرز صوبائی اسمبلی حاجی محمد نعیم صفدر انصاری، چوہدری احسن رضا، حاجن صفیہ سعید، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، ڈپٹی کمشنر آصف رضا، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی سیاسی وسماجی رہنماؤں سمیت دولہا دلہن کے عزیز اقارب نے تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ کی سربراہی میں 96 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کا اہتمام کیا گیا جن میں ضلع قصور سے تعلق رکھنے والے 85 مسلم اور 11 کرسچن نوبیاہتے جوڑے شامل تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ و دیگر معزز مہمانوں نے نوبیاہتے جوڑوں کو دھی رانی سلامی کارڈ کے ذریعے 2 لاکھ روپے سلامی پیش کی۔

# گوجرانوالہ: ہنرمند خواتین کیلئے صنعت زار ایکسپو کا افتتاح

## 42 سٹالز لگائے گئے جس میں ہنرمند خواتین نے اپنی ہینڈ میڈ پراڈکٹس پیش کیں

گوجرانوالہ (نمائندہ خصوصی) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے صنعت زار گوجرانولہ محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے زیر اہتمام گھریلو دستکاری اور ہنرمند خواتین کی حوصلہ افزائی کے لیے صنعت زار ایکسپو 2025 کا افتتاح کر دیا، ایکسپو میں 42 سٹالز لگائے گئے جس میں ہنرمند خواتین نے اپنی ہینڈ میڈ پراڈکٹس پیش کیں، جس میں ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ارشاد وحید، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر سمیرا اقبال اور پبلک کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اس ایکسپو کے کامیاب انعقاد اور خواتین کے ہنر کو فروغ دینے پر انہوں نے مینیجر صنعت زار گوجرانوالہ حنا بخاری کی کاوشوں کو بھرپور سراہا، ایکسپو کا مقصد مقامی سطح پر تیار کی جانے والی گھریلو دستکاری، ہنر اور مصنوعات کو فروغ دینا اور ہنرمند افراد کو اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع فراہم کرنا اور صنعت زار کی پراڈکٹس کو کمیونٹی میں اعلیٰ سطح پر متعارف کروانا ہے۔ ڈویژنل کوآرڈینیٹر ٹو منسٹر سوشل ویلفیئر و بیت المال، رانا علی یاسر خان نے بھی تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ سوشل ویلفیئر کے افسران، گوجرانوالہ چیمبر کے ممبران بھی اس موقع پر موجود تھے، کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے مختلف سٹالز کا دورہ کیا، گھریلو دستکاری کی مصنوعات میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور منتظمین کی کاوشوں کو سراہا۔

CamScanner

15/12/25
C-O
DD(P&PR)
15/12/25
Dir (Pjg)


بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم

# روزنامہ خبریں لاہور

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 35 | اتوار 22 جمادی الثانی 1447ھ 14 دسمبر 2025ء یکم پوہ 2082ب صفحات 10 قیمت 30 روپے | شمارہ: 142


## دھی رانی پروگرام کے تحت 96 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی تقریب

**ضلع قصور سے تعلق رکھنے والے 85 مسلم، 11 کرسچن نوبیاہتے جوڑے شامل، شوکت بٹ بھی شریک**

قصور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈی پی ایس میں سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے زیراہتمام دھی

باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 32

**بقیہ نمبر 32 // تقریب**

رانی پروگرام کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے خصوصی شرکت کی۔

15/12/25
C.O
DD(PSPR)
15/12/25
DIR(PS)

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر چوہدری عبدالرحمن

| جلد 15 | اتوار 22 جمادی الثانی 1447ھ 14 دسمبر 2025ء یکم پوہ 2082 ب | صفحات 8 | قیمت 35 روپے | شمارہ 67 |
| --- | --- | --- | --- | --- |

www.naibaat.pk e-mail: nb@naibaat.com

# دھی رانی پروگرام قصور میں 96 جوڑوں کی اجتماعی شادیاں فی کس 2 لاکھ سلامی

## 11 کرسچن نوبیاہتے جوڑے بھی شامل، مریم نواز کا انقلابی پروگرام غریب والدین کی ہر ممکن مدد کر رہے ہیں: سہیل شوکت بٹ

قصور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈی پی ایس میں سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے زیراہتمام دھی رانی پروگرام کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے خصوصی شرکت کی۔ ممبر قومی اسمبلی میاں سعد وسیم شیخ، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خاں، ممبر صوبائی اسمبلی محمد نعیم صفدر انصاری، چوہدری احسن رضا، حاجن صفیہ سعید، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی، سیاسی و سماجی رہنماؤں سمیت دولہا دلہن کے عزیز اقارب کی تقریب میں شرکت۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ کی سربراہی میں 96 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کا اہتمام کیا گیا جن میں ضلع قصور سے تعلق رکھنے والے 85 مسلم اور 11 کرسچن نوبیاہتے جوڑے شامل تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ و دیگر صوبائی وزراء نے نوبیاہتے جوڑوں کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف دھی رانی سلامی کارڈ کے ذریعے تمام نوبیاہتہ جوڑوں کو دو لاکھ روپے سلامی پیش کی۔ صوبائی وزیر برائے سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب دھی رانی پروگرام وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ایک تاریخی اقدام ہے، اس انقلابی پروگرام کو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے ایک ماں بن کے دکھایا ہے اور دھی رانی پروگرام کے ذریعے انہوں نے غریب والدین کی اس شرعی فریضے کی ادائیگی میں والدین کی بہت پرخلوص کوشش کی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے جوڑوں کو 2 لاکھ روپے کا سلامی کارڈ اور تحائف دیئے جا رہے ہیں۔



قصور: صوبائی وزراء سہیل شوکت بٹ، رانا سکندر حیات کا ''دھی رانی'' پروگرام میں جوڑوں کے ساتھ گروپ فوٹو

15/12/25
C-O
DDLR&PRJ
15/12/25.
DIR (Prg)

DAILY DUNYA LAHORE www.dunya.com.pk
ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا لاہور
جلد نمبر 36 | اتوار، 22 جمادی الثانی 1447، 14 دسمبر 2025ء یکم پوہ 2082 ب | شمارہ 46
رجسٹرڈ نمبر 357 | فون نمبر: 692-138-111-042 فیکس نمبر 042-36296817 | صفحات 24 قیمت 45 روپے

## حکومت تعلیم، صحت، سماجی بہبود کے عملی اقدامات کررہی: وزیر تعلیم پنجاب

الہ آباد (نمائندہ دنیا) صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات خان نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب تعلیم، صحت اور سماجی بہبود کے شعبوں میں عملی اقدامات کررہی ہے قصور میں وزیر اعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر 96 بچیوں کو انکی اجتماعی شادی کی تقریب میں رخصت کررہا ہوں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پبلک سکول قصور میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

## قصور: دھی رانی پروگرام، 96 جوڑوں کی اجتماعی شادی

قصور (نمائندہ دنیا) قصور ڈی پی ایس میں سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے زیر اہتمام دھی رانی پروگرام کے تحت 96 جوڑوں کی اجتماعی شادی کی تقریب ہوئی، جن میں ضلع قصور سے تعلق رکھنے والے 85 مسلم (صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

### بقیہ نمبر 42 اجتماعی شادی

اور 11 کرسچن نوبیاہتا جوڑے شامل تھے۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ و دیگر مہمانوں نے نوبیاہتا جوڑوں کو دھی رانی سلامی کارڈ کے ذریعے فی کس 2 لاکھ روپے سلامی پیش کی۔ ممبر قومی اسمبلی میاں سعد وسیم شیخ، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خاں، ممبرز صوبائی اسمبلی حاجی محمد نعیم صفدر انصاری، چودھری احسن رضا، حاجن صفیہ سعید، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی، سیاسی و سماجی رہنماؤں سمیت دولہا دلہن کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں تقریب میں شرکت کی۔

15/12/25
C.O
DD (P/PR)

15/12/25.
Dir (Prj)

روزنامہ پاکستان لاہور
THE DAILY PAKISTAN LAHORE
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمن شامی
ایڈیٹر: عمر مجیب شامی
جلد 36
اتوار 22 جمادی الثانی 1447ھ، 14 دسمبر 2025ء یکم پوہ 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے
شمارہ 274

# دھی رانی پروگرام جاری، 96 جوڑوں کی اجتماعی شادی

## وزیراعلیٰ مریم نواز کی طرف سے تمام نوبیاہتا جوڑوں کو دو لاکھ روپے سلامی

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈی پی ایس میں سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے زیر اہتمام دھی رانی پروگرام کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے خصوصی شرکت کی۔ ممبر قومی اسمبلی میاں سعد وسیم شیخ، احسن رضا، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خاں، ممبر صوبائی اسمبلی محمد نعیم صفدر انصاری، حاجن صفیہ سعید، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی، سیاسی و سماجی رہنماؤں سمیت دولہا دلہن کے عزیز اقارب کی تقریب میں شرکت۔ تقریب میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ کی سربراہی میں 96 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کا اہتمام کیا گیا جن میں ضلع قصور سے تعلق رکھنے والے 85 مسلم اور 11 کرسچن نوبیاہتے جوڑے شامل تھے۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ و دیگر صوبائی وزراء نے نوبیاہتے جوڑوں کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف دھی رانی سلامی کارڈ کے ذریعے تمام نوبیاہتہ جوڑوں کو دو لاکھ روپے سلامی پیش کی۔

CamScanner

15/12/25
C.O
DD(P/SPR)
15/12/25
DIR(PR)


وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

# مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدُ الباقی کاکڑ

جلد:15 | اتوار 22 جمادی الثانی 1447ھ 14 دسمبر 2025ء یکم پوہ 2082 ب صفحات :10 قیمت :30 روپے | شمارہ: 264


## قصور میں سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام 96 جوڑوں کی اجتماعی شادیاں

### ڈی پی ایس میں دھی رانی پروگرام کے تحت ہونے والی تقریب میں صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ کی خصوصی شرکت

### شادی کے بندھن میں بندھنے والوں میں 85 مسلم اور 11 کرسچن جوڑے شامل، 2 لاکھ روپے سلامی بھی دی گئی



قصور

رپورٹ: مہر حسین حسین

ڈی پی ایس میں سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے زیر اہتمام دھی رانی پروگرام کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے خصوصی شرکت کی۔ ممبر قومی اسمبلی میاں سعد وسیم شیخ، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خاں، ممبرز صوبائی اسمبلی حاجی محمد نعیم صفدر انصاری، چوہدری احسن رضا، حاجن صفیہ سعید، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی، سیاسی و سماجی رہنماؤں سمیت دولہا دلہن کے عزیز اقارب کی تقریب میں شرکت۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ کی سربراہی میں 96 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کا اہتمام کیا گیا۔



قصور: دھی رانی پروگرام کی تقریب میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ اور دیگر شریک ہیں

15/12/25
C-O
DD(P/PR)
15/12/25
DIR (Pg)


وہی ہے مشرق ومغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

# مشرق

لاہور

اتوار 22 جمادی الثانی 1447ھ 14 دسمبر 2025ء یکم پوہ 2082ب


## منڈی بہاؤالدین: ضلعی بحالی وتربیتی کمیٹی برائے خصوصی افراد کا اجلاس

### سپیشل افراد کیلئے وہیل چیئرز اور آلات سماعت کی تقسیم سمیت متعدد اقدامات کا جائزہ لیا گیا

ملکوال (تحصیل رپورٹر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل راجہ حیدر عباس کی زیر صدارت ضلعی فلاح و بہبود اور ضلعی بحالی و تربیتی کمیٹی برائے خصوصی افراد کا اجلاس ڈی سی آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عاطف علی وڑائچ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اسلم نسیم، فوکل پرسن برائے نابینا افراد حافظ محمد الیاس سمیت دیگر متعلقہ افسران اور خصوصی افراد کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں سپیشل افراد کیلئے ڈیل چیئرز اور آلات سماعت کی تقسیم سمیت متعدد اقدامات، تجاویز اور مسائل پر غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر اب تک کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عاطف علی وڑائچ نے بتایا کہ پنجاب حکومت کی ہدایت پر محکمہ سوشل ویلفیئر ضلعی انتظامیہ کی معاونت سے سپیشل افراد کو زندگی کی دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور عملی اقدامات کر رہا ہے تاکہ ہر سطح پر ان کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے معاون آلات پروگرام کے تحت پنجاب بھر کی طرح ضلع منڈی بہاؤالدین میں بھی خصوصی افراد میں 16 اقسام کی اسسٹیو ڈیوائسز تقسیم کی۔

مشرق

روزنامہ مشرق لاہور (9) 14 دسمبر 2025ء

# وزیراعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں ترقی و خوشحالی کا سفر جاری ہے: رانا سکندر حیات

## حکومت کے فلاحی ویژن کے تحت مستحق خاندانوں کی بچیوں کی باعزت شادی حکومت کی اولین ترجیح ہے

## تعلیم، صحت اور سماجی بہبود کے شعبوں میں عملی اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں، صوبائی وزیر کی گفتگو

چھانگا مانگا (فاروق اقبال خان) صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات خان نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبہ بھر میں ترقی وخوشحالی کا سفر تیزی سے جاری ہے۔ آج قصور میں وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر 96 بچیوں کی شادی کو مریم نواز شریف کی جانب سے رخصت کر رہا ہوں، یہ دلہن بیٹیاں اور بیٹے اخلاص، محبت اور باہمی احترام کے ساتھ اپنی نئی زندگی کا آغاز کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پبلک سکول قصور میں صدر قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب (رجسٹرڈ) عطاء محمد قصوری سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صحافیوں کی بڑی تعداد، ضلعی افسران اور معززین علاقہ بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر تعلیم نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے فلاحی ویژن کے تحت مستحق خاندانوں کی بچیوں کی باعزت شادی حکومت کی اولین ترجیح ہے، تاکہ معاشرے کے کمزور طبقات کو سہارا دیا جا سکے حکومت پنجاب تعلیم، صحت اور سماجی بہبود کے شعبوں میں عملی اقدامات کر رہی ہے جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ رانا سکندر حیات خان نے مزید کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور آواز ہیں، مثبت صحافت کے ذریعے عوامی مسائل کی نشاندہی اور حکومتی اقدامات کو عوام تک پہنچانا قابل تحسین کردار ہے۔

15/12/25
C.O
DD (P&PR)
15/12/25
DIR (Prj)

15/12/25
C.O
DD(P&PR)

چیف ایڈیٹر: محسن نقوی
گروپ ایڈیٹر: نوید چوہدری
DAILY 42
ABC Certified
LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
جلد نمبر:14 | اتوار 14 دسمبر 2025ء، 22 جمادی الثانی 1447ھ، 31 مگھر 2082، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ:75

15/12/25.
DIR (Prg)



قصور: صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات
کا دھی رانی پروگرام کے موقع پر نو بیاہتا جوڑوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

# مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر، عبدالباقی کاکڑ

جلد:15 | پیر 23 جمادی الثانی 1447ھ 15 دسمبر 2025ء 2 پوہ 2082 ب صفحات:10 قیمت:30 روپے | شمارہ: 265


15/12/25
C.O
DD(P/PR)

15/12/25

DIR (Prg.)

## ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر راجن پور کا صنعت زار آفس جامپور کا دورہ

### حکومت پنجاب کی جانب سے جاری غریب مستحق معذور افراد میں ہمت کارڈ تقسیم

راجن پور (بیورو رپورٹ) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آفیسر راجن پور کا صنعت زار آفس جامپور کا دورہ۔ خواتین کی سلائی کڑائی کے کام کا جائزہ لیا اور خواتین کو مزید محنت سے کام کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کیے گئے غریب مستحق معذور افراد میں ہمت کارڈ تقسیم کیے۔ تفصیل کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آفیسر راجن پور میڈیم شازیہ نواز نے گزشتہ روز صنعت زار آفس تحصیل جام پور کا اچانک دورہ کیا جہاں پر انہوں نے دفتر میں صفائی ستھرائی اور دیگر ریکارڈ کو چیک کرتے ہوئے خواتین کے سنٹر میں جاکر کے سلائی کڑاھی کے کام کا جائزہ لیا اور خواتین کو باعزت روزگار کمانے پر زور دیا۔ ہنرمند خواتین معاشرہ میں باعزت روز کما سکتی ہیں۔ زیادہ سے زیادہ خواتین سنٹروں میں داخلہ لے کر کے ہنر سیکھ لیں۔ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ خواتین کی بھلائی کے لیے بھرپور عملی اقدامات کر رہا ہے۔



راجن پور: ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شازیہ نواز سلائی کڑھائی کے کام کا جائزہ لے رہی ہیں

## ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر راجن پور کا صنعت زار آفس جامپور کا دورہ

راجن پور (بیورو رپورٹ) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آفیسر راجن پور کا صنعت زار آفس جامپور کا دورہ۔ خواتین کی سلائی کڑائی کے کام کا جائزہ لیا اور خواتین کو مزید محنت سے کام کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کیے گئے غریب مستحق معزور افراد میں ہمت کارڈ تقسیم کیے۔ تفصیل کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آفیسر راجن پور میڈیم شازیہ نواز نے گزشتہ روز صنعت زار آفس تحصیل جام پور کا اچانک دورہ کیا جہاں پر انہوں نے دفتر میں صفائی ستھرائی اور دیگر ریکارڈ کو چیک کرتے ہوئے خواتین کے سنٹر میں جاکر کے سلائی کڑاھی کے کام کا جائزہ لیا۔